ilmkidunya
علم کی دنیا

Pak Studies - 10th Class Pakistan Studies Chapter 4 Preparation

Q1. یونیورسٹی کی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اعلیٰ تعلیم کے بعد بی-اے ، بی ،ایس ، سی اور بی کام کی تعلیم یونیورسٹی کے تحت حاصل کی جاتی ہے. اس میں کامیاب ہونے پر ایم -اے،ایم کام،ایم ایس سی اور ایم بی اے کی ڈگری کے لیے یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی جاتی ہے -اسے یونیورسٹی کی تعلیم کہا جاتا ہے.

Q2. معاشرتی قدریں کیا اہمیت رکھتی ہیں

Ans 1: پاکستان کے تمام علاقوں اور صوبوں میں اعلی اور منفد معاشرتی قدیں پائی جاتی ہیں بزرگوں کا احترام چھوٹونب سے محبت اور خواتین کو احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے لوگ ایک دوسرے کے دکھوں اور خوشیوں میں شریک ہوتےہیں دیہی علاقوں میں بزرگوں مشتمل پنچائتیں بہت سے تنازعات کو مقامی سطح پر ہی حل کریتی ہیں

Q3. پاکستان کے اسلامی تہواروں کے نام تحریر کریں.

Ans 1: عید الفطر ، عیدالاضحیٰ، جشن میلاد النبی صل اللہ علیہ وسلم ، شب معراج، اور شب برآت وغیرہ بڑے جوش و خروش سے مناتے ہیں-

Q4. پاکستان کی قومی زبان کون سی ہے اور اسے لشکری زبان کیوں کہتے ہیں

Ans 1: پاکستان کی قومی زبان اردو ہے اردو ترکی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی لشکر کے ہیں جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کے عہد حکومت میں لشکروں میں مختلف علاقوں کے لوگ بھرتی کیے جاتے تھے ان میں پنجابی سندھی پٹھان بنگرالی بلوچ عربی ایرانی ترکی بنگالی اور ہندوستانی وغیرہ شامل تھے لشکر میں موجود یہ لوگ مختلف زبانیں بولتے تھے

Q5. مردم شماری سے کیا مراد ہے.

Ans 1: کل آبادی اور اس کی علاقائی تقسیم شہری و دہاتی آبادی کا تناسب شرح افزائش، فی کلو میٹر آبادی ، تعلیم ، تعلیمی قابلیت اور لوگوں کے اہم پیشوں وغیرہ کے متعلق معلومات آبادی کے کوائف کہلاتے ہیں- ان کوائف کو جاننے کا عمل مردم شماری کہلاتا ہے.

Q6. ثقافت کی تعریف کریں.

Ans 1: "ثقافت کا تعلق ہر قسم کے علوم و فنون ، عقائد و قوانین اور رسم و رواج سے ہوتا ہے. یہ انسانوں کے افکار و اعمال سے بھی متعلق ہوتی ہے- ثقافت کسی علاقے میں رہنے والے انسانوں کے افقار و اعمال اور ارادی و غیر ارادی افعال کی بدولت پروان چڑھتی ہے- لوگوں کے عقائد رسم ورواج ، علوم و فنون، قوانین اور معاشرتی رویے ثقافت میں شامل ہوتے ہیں.

Q7. آبادی کے لحاظ سے دنیا میں پاکستان کا کونسا نمبر ہے.

Ans 1: پاکستان آبادی کے لحاظ سے چھٹا بڑا ملک ہے- اور پانچ ممالک بالترتیب چین،بھارت، امریکہ ، انڈونیشیا اور برازیل ہیں.

Q8. 1998 کے مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی کتنی تھی.

Ans 1: 1998 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی 13 کروڑ 23 لاکھ 52 ہزار تھی.

Q9. مڈل ثانوی و اعلی ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے

Ans 1: پاکستان میں مڈل کی تعلیم کا سلسلہ چھٹی سے آٹھویں جماعت اور ثانوی حصہ نویں سے دسویں جماعتوں تکچ چلتا ہے جب کہ اعلی ثانوی گیارھویں اور بارھویں جماعتوں پر مشتمل ہے اعلی ثانوی تعلیم کا فورس دوسال کا ہے جس میں آرٹس سائنس اور کامرس کی تعلیم دی جاتی ہے

Q10. پنجابی زبان کے تین اہم قصوں کے نام لکھیں.

Ans 1: وارث شاہ نے ہیر رانجھا، فضل شاہ نے سوہنی ماہیوال اور حافظ برخودار نے مرزا صاحباں کا قصلہ لکھا.